لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۲	مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۱۸ ماہ صفر سنہ ۱۳۳۹ھ مطابق یکم نومبر سنہ ۱۹۲۰ء	نمبر ۴۴

فہرست مضامین

روبکار محکمہ دارالانشاء اجلاس اعلیٰحضرت بندگان متعالی دام اقبالہم وملکہم واقعہ ۲۵ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

ذریعہ روبکار مورخہ ۲۳ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء منظور فرمایا گیا تھا کہ جو شخص [illegible] یا سونے کے سکے جات [illegible] دونوں قسموں میں سے کسی قسم کی سزائے قید دیجائیگی جسکی میعاد تین سال تک ہوسکتی ہے۔ یا جرمانہ جسکی تعداد پانچسو روپیہ تک ہوسکتی ہے یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔

چونکہ جس غرض سے روبکار مذکورۃ الصدر جاری کیا گیا تھا اب وہ باقی نہیں رہی

لہذا منسوخ کیا جاتا ہے

حسب حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر و صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو - اور ایک درج گزٹ ہو

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

برخاستگی و الاونس

۲۵ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

بربنا رپورٹ منیجر صاحب فیکٹریز حسب پیشی عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر - نجم الدین اکاؤنٹنٹ اسٹیٹ فیکٹریز مشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار کا نام بقصور غیر حاضری یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء سے خارج کیا گیا - اور یہ جگہ تخفیف کی گئی - مہدی حسن اور تربھون ناتھ اکاؤنٹنٹ کا پانچ پانچ روپیہ ماہوار الاونس اور سید محمد شریف پیشکار کی موجودہ تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ ۱۵ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء سے منظور فرمایا گیا -

رخصت

۲۵ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ دیوان صاحب صدر - رخصت پندرہ یوم بابو ہزاری لال انگلش کلرک بعوض ہزاری لال پسر رخصتی ۲۳ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء سے بوجہ علالت منظور فرمائی گئی -

رخصت

۲۴ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

سپرنٹنڈنٹ صاحب پرچہ اخبار کی رخصت دو ہفتہ بغرض شرکت مجلس حسب دستور قدیم منظور فرمائی گئی - ایام رخصت میں منشی ابو حسن کام کرینگے -

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۲۴ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

مزید رخصت یکہفتہ احمد حسین صاحب ہیڈ ماسٹر ہائی اسکول کی بوجہ عارضہ ورم جگر منظور ہوئی -

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

حسب پیشی سارجنٹ حکیم الطاف علیخان - رخصت بارہ یوم تحصیلدار صاحب ملک کی بوجہ بیماری منظور کی گئی -

اضافہ

۲۳ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ حاکم صاحب صدر - حافظ حبیب النبی اہلمد اجلاس صاحب صوبہ مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں بوجہ حسن کارکردگی و محنت و جانکاہی یکم نومبر سنہ ۱۹۲۰ء سے دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا -

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا